http://www.sgbauonline.com/

**AV–542**

# B.A.(Part–III) Examination
# URDU
# (Compulsory Languages)
# (Modern Indian Language)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دوسوالوں کے جواب لکھئے : 20

(۱) لیزر شعاع کو روشنی کی تلوار، شعاع کی بندوق اور موت کی کرنیں کیوں کہا جاتا ہے؟ بیان کیجئے۔

(۲) لیزر شعاع کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(۳) ہندو مذہب میں عورت کی حیثیت پر روشنی ڈالئے۔

(۴) مذہب اسلام میں عورت کا مقام بتایئے۔

(۵) سائبر اسپیس کیا ہے؟

(۶) انٹرنیٹ کا مفہوم بتاتے ہوئے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

(۷) تعلیم کے ذریعے وحشیانہ پن کس طرح دور ہوسکتا ہے؟

(۸) سرسید نے تعلیم اور روح کو کس طرح کی مثالوں سے سمجھایا ہے؟

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی چار بندوں کی تشریح کیجئے : 20

(۱) شاہا تیرے جلوے سے ہے یہ عید کی رونق
عالم نے تجھے دیکھ کے ہے عید منائی
کہتے ہیں مہ نو جسے ابرو نے وہ تیری
کی آئینہ چرخ میں ہے عکس نمائی

(۲) ہے کثرت باراں سے ہوئی عام یہ سردی
کافور کی تاثیر گئی جو زمیں پائی
سردی حنا پہنچے ہے عاشق کے جگر تک
معشوق کا گر ہاتھ میں ہے دست حنائی



http://www.sgbauonline.com/

(۳) یاں اگر بزم تھی تو اس کی بزم
یاں اگر ذات تھی تو اس کی ذات
ایک روشن دماغ تھا نہ رہا
شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا

(۴) لاکھ مضمون اور اس کا ایک ٹھٹھول
سو تکلف اور اس کی سیدھی بات
دل میں چبھتا تھا وہ اگر بشل
دن کو کہتا تھا دن اور رات کو رات

(۵) شاخوں نے نہ برچھیاں لگائیں
پتوں نے نہ تالیاں بجائیں
پھیلائے ہوئے تھیں جال بیلیں
چلنے نہ دیتیں چال بیلیں

(۶) کس سوچ میں تھے یہ سر جھکائے
کچا کوئی ان پھلوں کو کھائے
انگور ہی مے پرست کم بخت
یکسر پڑے ہوں گے مست کم بخت

(۷) موم کی طرح جلتے رہے شہیدوں کے تن
رات بھر جھلملاتی رہی شمع صبحِ وطن
رات بھر جگمگاتا رہا چاند تاروں کا بن
تشنگی تھی مگر
تشنگی میں بھی سرشار تھے

http://www.sgbaounline.com/

(۸) خود اپنی نگاہوں سے گرا جاتا ہوں
قطرہ سا زمین میں سما جاتا ہوں
احباب میرے دفن کی کیوں فکر میں ہیں
میں شرم گنہ سے خود گڑا جاتا ہوں

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی چار سوالوں کے جواب دیجئے : 20

(۱) مصنف نے تک بندی کی مقبولیت کو کس مثال کے ذریعے واضح کیا؟

(۲) لکھنؤ میں فن پھبتی کا ارتقاء کس طرح ہوا؟ مثالوں سے سمجھایئے۔

(۳) لکھنؤ میں اردو داستان گوئی کو جو ترقی حاصل ہوئی اسے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(۴) لکھنؤ کا ''گولڈن ایج'' میں اردو زبان وادب کی ترقی کو بیان کیجئے۔

(۵) مولانا آزاد نے قید خانے کی زندگی کو کن دو متضاد فلسفوں سے مربوط کیا؟ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

(۶) قید خانے میں مولانا آزاد کی دوپہر کی مشغولیات کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(۷) ''ہماری ہر حالت کا اثر دوسروں پر ہوتا ہے'' اس بات کو مولانا آزاد نے کس طرح سمجھایا؟

(۸) مولانا آزاد نے قید خانے میں عیش وعشرت کے سامان کس طرح پیدا کر لیے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : 20

(۱) اعتراض

(۲) مرید پور کا پیر

(۳) بچھو پھوپھی۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 20

(۱) موبائل ہماری زندگی میں

(۲) میرا پسندیدہ ادیب

(۳) قومی یکجہتی میں اردو زبان وادب کا کردار

(۴) کاش میں وزیر اعظم ہوتا/ہوتی

(۵ آج بھی ہو جو براہیم سا ایماں پیدا



http://www.sgbaounline.com/

http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/